# 10228 ـ مریض کی تصاویر بنا کر میڈیکل کانفرنس میں پیش کرنا

**سوال**

بعض بیماریوں خاص کر نادر امراض میں کچھ ڈاکٹر حضرات مریض یا مریض کی مکمل یا جسم کے کسی حصہ مثلا کمر اور ٹانگوں کی تصاویر بناتے ہیں، تا کہ اس مرض کی سرچ اور تدریس میں دوسروں کو بھی فائدہ ہو، تو کیا ڈاکٹر کا تصاویر بنانا اور پھر کانفرنس میں پیش کرنے میں کوئی حرج تو نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضيلة الشيخ محمد بن صالح العثيمين رحمہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

" اگر تو مریض کے علم میں ہو، اور پھر اس میں جمہور یعنی باقی عوام کی مصلحت ہو تو پھر اسمیں کوئی حرج نہیں، لیکن مریض کی اجازت کے بغیر اس کی لاعلمی میں جائز نہیں.

سوال:

اور اگر مریض رانوں میں ہو تو ؟

جواب:

شرمگاہ کو ننگا نہیں کیا جائے، بلکہ اس پر پردہ ڈال دیا جائے.

واللہ تعالی اعلم.